100% مفت معیاری تعلیم کا سنہری موقع!

داخلہ برائے جماعت ہفتم سال 2026ء (23rd انٹری)

الہجرہ ریذیڈنشل سکول و کالج جناح کیمپس زیارت بلوچستان – (داخلہ فارم وصولی کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2025)

الہجرہ ریذیڈنشل سکول و کالج جناح کیمپس، زیارت صوبہ بلوچستان کا ایک غیر سرکاری اقامتی تعلیمی ادارہ ہے۔ یہ ادارہ الہجرہ اسکولز ٹرسٹ کے زیر انتظام گزشتہ اکیس سال سے کام کر رہا ہے۔ اس ادارے میں صوبہ بھر کے کم آمدنی والے گھرانوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو ٹیلنٹ اسکالرشپ دیا جاتا ہے۔ اس اسکالرشپ کی مدد سے طلبہ ادارہ ہٰذا میں جماعت ہفتم تا بارہویں تک تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ دورانِ تعلیم، تعلیمی، رہائشی اور طبّی دیکھ بھال کے اخراجات اسکالرشپ سے پُورے کیے جاتے ہیں اور طلبہ سے کسی قسم کی کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ الہجرہ اسکولز ٹرسٹ یہ اسکالرشپ مخیر خواتین و حضرات اور دیگر فلاحی اداروں کے دیے گئے عطیات اور زکوٰۃ سے ادا کرتا ہے۔

الہجرہ ریذیڈینشل اسکول اینڈ کالج، جناح کیمپس، زیارت اپنی شاندار تعلیمی خدمات کی بنا پر ملک بھر میں جانا جاتا ہے۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے بعد اہم سرکاری محکموں اور پرائیویٹ کمپنیوں میں شاندار خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ادارے کو اس کی شاندار خدمات کے صلے میں حکومتِ بلوچستان نے 2017 میں، تعلیم اور اکیڈمیا، کے شعبے میں بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈ سے نوازا ہے جب کہ ٹرسٹ کے بانی جناب محمد عبدالکریم ثاقب کو حکومتِ پاکستان نے، 2025 میں، نشانِ امتیاز سے نوازا ہے۔

الہجرہ ریذیڈینشل اسکول اینڈ کالج، جناح کیمپس، زیارت میں تعلیمی سال 2026 کے لئے جماعت ہفتم (ساتویں) میں داخلے کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواستیں مجوّزہ داخلہ فارم 2026 پر دی جائیں۔ داخلے کا حتمی فیصلہ امیدوار کے ٹیسٹ اور انٹرویو پر ہوگا۔ داخلہ قطعاً میرٹ پر ہوگا۔ نئی داخلہ پالیسی کے مطابق صوبہ بھر کی 15 نشستیں اوپن میرٹ پر ہوں گی جب کہ ہر ضلع کی میرٹ پر دو نشستیں ہوں گی۔ ضلع زیارت کے طلبہ کے لیے علیحدہ سے پانچ سیٹیں اضافی ہوں گی۔

درخواست گذار کی اہلیت کے بنیادی شرائط درج ذیل ہیں:

درخواست دینے کے لیے ضروری ہے کہ وہ:

- درخواست گزار کسی سرکاری اسکول میں جماعت ششم کا طالب علم ہو اور اُس نے 31 مارچ 2026 یا اس سے پہلے سالانہ امتحان دینا ہو۔
- درخواست گزار کی ساری تعلیم (جماعت ششم) سرکاری اسکول سے ہو۔ پرائیویٹ اسکولوں میں پڑھنے والے طلبہ درخواست دینے کے اہل نہیں۔
- درخواست گزار کی عمر 11 سال سے کم اور 13 سال سے زائد نہ ہو۔ **(طالب علم کی تاریخ پیدائش یکم مارچ 2013 تا 28 فروری 2015 کے درمیان ہو)**
- درخواست گزار کے گھر کی آمدن (والدین/سرپرست/بڑے بھائی کی آمدن) **سالانہ /-500،000** سے کم ہونی چاہیے۔
- درخواست گزار کے کسی بھائی نے ادارہ ہٰذا سے نہ ماضی میں تعلیم حاصل کی ہو نہ وہ حال میں تعلیم حاصل کر رہا ہو۔
- داخلہ فارم مع دیگر شرائط ادارے کی ویب سائٹ اور فیس بک پیج پر موجود ہیں۔ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے وزٹ کریں۔

داخلہ فارم پاکستان پوسٹ یا TCS کے ذریعے نیچے دیے ہوئے پتہ پر ارسال کریں۔

داخلہ فارم جمع کرانے کا پتہ: الہجرہ ریذیڈنشل سکول و کالج، جناح کیمپس زیارت، بلوچستان

داخلہ فارم بمعہ دیگر شرائط داخلہ کالج ھٰذا کی ویب سائٹ اور فیس بک پیج پر بھی موجود ہیں۔

Al-Hijrah Residential School & College

M.A Jinnah Campus Ziarat, Balochistan, Pakistan

AL-HIJRAH

APPLICATION FORM FOR ADMISSION TEST

Student Name: ____

Form-B No: | | | | | | - | | | | | | | | - | |

Date of Birth:

D	D	M	M	Y	Y	Y	Y

Blood Group: [ ]

Attach 4x Fresh Passport Size Photographs here

Father's Name: ____

CNIC No: | | | | | | - | | | | | | | | - | |

Guardian's Name: ____

CNIC No: | | | | | | - | | | | | | | | - | |

District

Guardian Relationship with Student: ______________________________

Guardian Occupation: ____

Mobile No: ______________________ WhatsApp No: ______________________

Father's/Guardian Yearly Income
Rs.

Present address: ____

____

Permanent address: ____

____

Name of the last School Attended				
Admission No.	Attested by Head Master	Signature: _______________ Stamp.		
Passed Class 6 Result	Marks Obtained		Total Marks	
Signatures	Student:		Parent/Guardian:	
Submission Date:				

داخلہ ٹیسٹ بلوچستان کے درج ذیل پانچ شہروں میں ہوگا۔آپ جس شہر میں ٹیسٹ دینا چاہتے ہیں،اُسے پر ✓ کانشان لگائیں۔

کوئٹہ ☐ لورالائی ☐ سبّی ☐ خضدار ☐ تُربت ☐

داخلہ فارم کے ساتھ منسلک ہونے والی دستاویزات:

- پاسپورٹ سائز تصاویر(4عدد)
- طالب علم کا فارم B(ایک فوٹوکاپی)
- لوکل سرٹیفکیٹ: طالب علم اور والد/سرپرست (ایک،ایک کاپی)
- والد/سرپرست کا قومی شناختی کارڈ
- آمدن سرٹیفکیٹ(ضلع یا تحصیل کے ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر سے)، سرکاری ملازم ہونے کی صورت میں پچھلے ماہ کی پے سلپ
- جماعت ششم پاس ہونے کی صُورت میں اسکول سے تصدیق شُدہ رپورٹ کارڈ یا اگر امتحان دینا ہے تو اُمید سرٹیفکیٹ(Hope Certificate)
- میڈیکل سرٹیفکیٹ،ہیپاٹائٹس نہ ہونے کا سرٹیفکیٹ

نوٹ: نامکمل پُر کیا ہوا فارم یا کسی دستاویز کو ساتھ منسلک نہ کرنے کی صُورت میں یا تاخیر سے موصول ہونے پر فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

معلومات برائے داخلہ ٹیسٹ:

- انگلش میڈیم اور اُردو میڈیم کے طلبہ کا داخلہ ٹیسٹ علیحدہ ہوگا۔

داخلہ ٹیسٹ ان مضامین اور مہارتوں کا ہوگا: انگلش،اُردو،ریاضی(Math)،اسلامیات،معلومات عامہ(General Knowledge)اور ذہنی آزمائش(IQ)جنرل سائنس اور جغرافیہ کے سوالات ہوں گے۔

- انگلش اور اُردو کے داخلہ ٹیسٹ میں عبارت کی تفہیم(Comprehension)، گرامر اور تخلیقی لکھائی(Creative Writing)شامل ہے۔
- ماڈل داخلہ ٹیسٹ ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
- انٹری ٹیسٹ جماعت ششم(بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ) میں سے ہوگا۔

FOR OFFICE USE ONLY	
Session:	
Batch #:	
Status of Candidate:	
Admission Date:	

برائے مہربانی داخلہ فارم کے اس صفحے کے نیچے دیئے گئے حصے کو کاٹ کر ڈاک کے لفافے پر چسپاں کریں۔

✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------✂-------------

To:
Admission Officer,
Al-Hijrah Residential School and College, M.A Jinnah Campus,
Quetta Road, District Ziarat – Balochistan

Contact / WhatsApp No: 0339-1818099

ایڈمشن آفیسر
الہجرہ ریزیڈنشل سکول وکالج، جناح کیمپس،
کوئٹہ روڈ، ضلع زیارت—بلوچستان